# 5643 ـ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کا دنیامیں اخروی امورکامشاہدہ کرنا

**سوال**

اس لئے کہ قیامت توابھی آئ نہیں اور نہ ہی کوئ جنت اور جہنم میں پایا جاتا ہے تو نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ کیسے دیکھ لیا کہ لوگوں کو آگ میں سزا دی جارہی ہے اور انبیاء اور بچوں اور بعض لوگوں کو جنت میں دیکھا ؟

**پسندیدہ جواب**

الحمد للہ.

اگر ہم اللہ تعالی کے متعلق یہ ایمان رکھتے ہیں کہ اللہ تعالی ہر چیز پر قادر ہے تو یہ معاملہ اورمسئلہ ہمارے لئے بہت ہی آسان ہوجاتاہے ، اور پھر ہمارا اس پر ایمان ہو گا کہ جوکچھ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے بتایا ہے وہ صحیح ہے ، اور اللہ تبارک وتعالی زمانے کا خالق اوراس پر قادر ہے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کو وہ امور دکھا دے جوکہ آخرت وقیامت میں ہونے والے ہیں ۔

جس طرح کہ اللہ تعالی نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کوجنت اورآگ کو دیوار میں دکھا دیا جبکہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نماز کسوف ادا کررہے تھے اور قریب تھا کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم اپنے صحابہ کے لئے جنت کے پھلوں میں سے انگوروں کا ایک گچھ لے لیتے حالانکہ جنت اور زمین کے درمیان کتنی زیادہ مسافت ہے ، تو جوجگہ کو قریب کردیتاہے اس کے لئے یہ کوئ مشکل نہیں کہ وہ وقت وزمانے میں جوچاہے کرے اوراپنے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کو دنیا میں ان اشیاء کا حقیقی مشاہدہ کروائے جوکہ روزقیامت ہوں گے ، اس لیے کہ آپ کا رب ہرچیز پر قادر ہے ۔ .